سوال

(164)سننے میں آیا ہے کہ نماز تہجد بارہ رکعت اس طرح پڑھنی چاہیے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوگوں سے سننے میں آیا ہے کہ نماز تہجد بارہ رکعت اس طرح پڑھنی چاہیے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص بارہ مرتبہ، دوسری میں گیارہ مرتبہ تیسری میں دس مرتبہ علی ہذاالقیاس ہر رکعت میں ایک دفعہ کم کرتے جانا چاہیے۔ کیا نماز تہجد کا یہ طریقہ مسنون ہے؟ اور جو اس کے خلاف آٹھ رکعت پڑھے اور جو سورۃ چاہے پڑھے اس کی نماز ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز تہجد کی آٹھ رکعت ہے۔ وتر سمیت گیارہ کسی صورت کی تخصیص نہیں ہے۔ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۲۶)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 252

محدث فتویٰ